# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 24 October 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۴/اکتوبر ۲۰۲۴ء

وقت:09.00 سے 09.10/بجے

***** ***** *****

### سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں

☆ مہاوِکاس آگھاڑی کا 255 نشستوں پر اتفاقِ رائے ، بقیہ سیٹوں کی تقسیم پر آج سے بات چیت

☆ شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کی پہلی فہرست جاری ، وہیں راشٹروادی کانگریس پارٹی کی جانب سے 38/امیدواروں کا اعلان، اجیت پوار بارامتی سے انتخابی میدان میں

☆ ریاست بھر میں نامزدگی کے دن تک 153/امیدواروں نے 164/ پرچے داخل کیے

☆ سابق رکن پارلیمان نِلیش رانے شیوسینا میں جبکہ سابق ریاستی وزیر لکشمن ڈھوبلے شرد پوار کی این سی پی میں شامل

اور

☆ ریاست میں سونا 80/ہزار روپئے تولہ جبکہ چاندی کی قیمت ایک لاکھ روپئے کلو

### اب خبریں تفصیل سے...

اسمبلی انتخابات کے لیے مہاوکاس آگھاڑی میں نشستوں کی تقسیم پر مہر لگ گئی ہے۔تینوں بڑی پارٹیوں میں سے ہر ایک کو 85/نشستیں دی گئی ہیں۔ آگھاڑی کی جانب سے کل ایک صحافتی کانفرنس میں یہ اطلاع دی گئی۔ممبئی میں منعقدہ اِس صحافتی کانفرنس میں کانگریس کے ریاستی صدر نانا پٹولے، اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے شیوسینا کے رکن پارلیمان سنجئے راؤت اور شرد پوار کی این سی پی کے ریاستی صدر جینت پاٹل موجود تھے۔اِس موقعے پر یہ بتایا گیا کہ بقیہ 18/نشستیں دیگر اتحادیوں کو دینے کے لیے آج سے بات چیت شروع ہوگی۔

اِسی بیچ شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے کی جانب سے کل 65/امیدواروں کی پہلی فہرست جاری کردی گئی۔پارٹی کے سکریٹری رکن پارلیمان انیل دیسائی کے دستخط سے جاری یہ فہرست سوشل میڈیا چینلز پر ظاہر کی گئی۔

اِس فہرست کے مطابق لوہا اسمبلی حلقے سے ایکناتھ پوار ، کلمنوری سے سنتوش ٹارفے ، پربھنی راہل پاٹل، گنگا کھیڑ وِشال کدم، سلوڑ سُریش بنکر، کنڑ اُدئے سنگھ راجپوت ، اورنگ آباد وسط کِشن چند تنوانی ، اورنگ آباد مغرب راجو شندے، ویجاپور دِنیش پردیشی ، گیورائی بدام راؤ پنڈت ، عثمان آباد کیلاش پاٹل ، پرانڈا راہل گیانیشور پاٹل، بارش دِلیپ سوپل جبکہ نیواسہ اسمبلی حلقے سے شنکر راؤ گڈاکھ کو امیدواری دی گئی ہے۔

وہیں دوسری جانب سنبھاجی بریگیڈ نے ریاست میں 50/ سے زیادہ نشستوں پر اپنے امیدوار کھڑے کرنے کا اعلان کیا ہے۔ بریگیڈ کے ریاستی صدر منوج آکھرے نے یہ اطلاع دی۔ وہ کل پونے میں ایک صحافتی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے الزام عائد کیا کہ شیوسینا اُدھو بالاصاحب ٹھاکرے پارٹی نے انہیں اپنے کوٹے سے 4/ تا 5/ نشستیں دینے کا وعدہ کیا تھا تاہم اِس کے تحت نشستیں نہیں دی گئیں۔

***** **** *****

راشٹروادی کانگریس پارٹی نے بھی کل اپنے 38/ امیدواروں کی فہرست جاری کر دی۔ نائب وزیر اعلیٰ اور پارٹی کے صدر اجیت پوار بارامتی اسمبلی حلقے سے انتخابات لڑیں گے۔ وہیں چھگن بھجبل ایولہ حلقے سے ' دلیپ وڑسے پاٹل آنبے گاؤں ' حسن مُشرف کاگل سے ' پرکاش سولنکے ماجل گاؤں اور دھنجئے منڈے پرلی سے امیدوار ہوں گے۔ اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر نرہری جھرواڑ دِنڈوری سے' دھرم راؤ آترام' اہیری ' راجکمار بڈولے ارجُنی مارگاؤں جبکہ ادیتی تٹکرے شری وردھن سے راشٹروادی کانگریس کے امید وار ہوں گی۔

***** **** *****

مہاراشٹر نو نِرمان سینا نے اپنے امیدواروں کی تیسری فہرست کل جاری کر دی۔ بیڑ ضلع کے پرلی اسمبلی حلقے سے ابھجیت دیشمکھ کو امیدواری دی گئی ہے۔

***** **** *****

شیوسینا قائد اور ریاست کے وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے اپنی امیدواری درخواست آئندہ پیر 28/ اکتوبر کو داخل کریں گے۔ پارٹی کے رکن پارلیمان نریش مہسکے نے یہ اطلاع دی۔ تھانے ضلعے کے کوپری پانچ پاکھڑی اسمبلی سیٹ سے شندے اپنی امیدواری عرضی داخل کریں گے۔

***** **** *****

نامزدگی کے عمل کے دورے دن چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے میں کل 175/ شہریان نے 385/ درخواستیں حاصل کیں جبکہ 4/ آزاد امید واروں نے اپنی نامزدگی کے پرچے داخل کیے۔ اِس میں اورنگ آباد مشرقی حلقے سے 2/ اور گنگاپور حلقے سے 2/ درخواستیں شامل ہیں۔

وہیں ناندیڑ ضلعے کے 9/ اسمبلی حلقوں میں کل 3/ امیدواروں نے نامزدگی کے 4/ پرچے داخل کیے۔ بھوکر میں 2/ کنوٹ اور ناندیڑ شمال سے ایک ایک امیدوار نے اپنی نامزدگی کی درخواستیں داخل کیں۔ کل ضلع کے تمام اسمبلی حلقوں سے کل 441/ اور لوک سبھا کے لیے 28/ درخواستیں جمع کروائی گئیں۔

***** **** *****

لاتور ضلع میں درج فہرست ذاتوں ایس سی کے لیے مخصوص اُدگیر حلقے کے لیے کل 2/ امیدواروں نے نامزدگی کے پرچے جمع کروائے۔
اِسی طرح ہنگولی ضلع میں 56/ امیدواروں نے 123/ درخواستیں داخل کی۔ ہمارے نمائندے نے بتایا کہ بیڑ ضلع کے آشٹی اسمبلی حلقے سے بی جے پی کے سابق رکن اسمبلی بھیم راؤ ڈھونڈے نے آزاد امیدوار کے طور پر اپنا پرچہ داخل کیا۔
اِسی طرح جالنہ ضلع کے بدناپور اسمبلی حلقے سے 2/ جبکہ گھن ساؤنگی حلقے سے ایک امیدوار نے اپنی درخواستیں جمع کروائیں۔ وہیں پربھنی ضلع کے 4/ حلقوں سے کُل 9/ امیدواروں نے اپنی نامزدگی کے پرچے داخل کیے۔ اِن میں جنتور حلقے سے بی جے پی کی میگھنا بورڈیکر ' گنگا کھیڑ سے راشٹریہ سماج پارٹی کے رتنا کر گُٹے اور پاتھری اسمبلی حلقے سے 2/ آزاد امیدوار سمیت کل 5/ آزاد امیدوار شامل ہیں۔
دھاراشیو ضلع میں کل ایک بھی امیدوار نے اپنا پرچہ نامزدگی داخل نہیں کیا۔ تاہم 76/ امیدواروں نے 173/ درخواست فارم حاصل کیے۔

***** ***** *****

سابق رکن پارلیمان نلیش رانے کل سِندھودُرگ ضلع کے کُڑال میں منعقدہ مہایوتی کے اجتماع میں شیوسینا قائد اور وزیرِاعلیٰ ایکناتھ شندے کی موجودگی میں شیوسینا میں شامل ہوگئے۔ شندے نے پارٹی کا بھگوا پرچم اور تیر کمان دے کر اُن کا استقبال کیا۔
وہیں دوسری جانب بی جے پی کے قائد اور سابق وزیر لکشمن ڈھوبلے نے کل شرد پوار کی این سی پی میں شمولیت اختیار کرلی۔ ورکنگ پریسیڈنٹ سُپریہ سُلے نے پارٹی میں اُن کا خیرمقدم کیا۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** *****

سامعین کرام ' اسمبلی انتخابات کی مناسبت سے آڈھاوا وِدھان سبھا متدار سنگھاچا نامی پروگرام ہر دن شام 7/ بج کر 10/ منٹ پر آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔ آج اِس پروگرام میں ہم ممبئی مضافات کے اسمبلی حلقوں کا جائزہ لیں گے۔

***** ***** *****

ریاست میں سونے کی قیمت 80/ ہزار روپئے تولہ جبکہ چاندی کا نرخ ایک لاکھ روپئے کل تک پہنچ گیا ہے۔ 24/ قیراط سونا بغیر جی ایس ٹی کے 79/ ہزار 500/ روپئے تولہ جبکہ 22/ قیراط سونا 78/ ہزار 400/ روپئے میں فروخت ہورہا ہے۔
چاندی کا نرخ فی کلو 98/ ہزار 862/ روپئے ہے۔ ماہرین کے مطابق دیوالی اور شادیوں کے موسم کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی بازار میں اُتار چڑھاؤ اور عالمی سیاسی تناؤ سونے کی قیمتوں کو متاثر کررہے ہیں۔

***** ***** *****

انتخابی کمیشن نے معذور اور بزرگ شہریان کے لیے گھر بیٹھے رائے دہی کرنے کا انتظام کیا ہے۔ اِس کے لیے درخواست دینے کا عمل شروع ہو چکا ہے۔ ناندیڑ کے ضلع کلکٹر ابھجیت راؤت نے اپیل کی ہے کہ مذکورہ رائے دہندگان اِس عمل میں حصہ لیں۔

اِسی بیچ کلکٹر راؤت نے ناندیڑ کے شہریان سے اپیل کی ہے کہ اگر ضلع میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی ہوتی ہے تو وہ cVIGIL App یا ٹول فری نمبر 1950/ پر شکایت درج کرائیں۔ انھوں نے شہریان سے آن لائن شکایات درج کرانے کی سہولت کا استعمال کرنے کی اپیل کی ہے۔ اِسی بیچ cVIGIL App پر 15/ تا 23/ اکتوبر کے دوران ریاست بھر میں ایک ہزار گیارہ شکایات موصول ہوئی ہیں جن میں سے 98/ فیصد یعنی 995/ شکایات کو الیکشن کمیشن نے حل کیا ہے۔

***** **** *****

بیڑ ضلعے میں کل اپنے فرائض میں کوتاہی برتنے والے 2/ سرکاری ملازمین اکشئے بھاگوت اور اکبر پٹیل کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا۔ ضلع کلکٹر اویناش پاٹھک کے حکم کے مطابق یہ کارروائی کی گئی۔

***** **** *****

ہنگولی ضلعے کے انتخابی اِنسپکٹر ارجن پردھان نے تمام انتخابی سرگرمیوں پر گہری نظر رکھنے کا مشورہ دیا ہے۔ وہ کل انتخابی دستوں کے سربراہوں کے جائزاتی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

***** **** *****

اِسی طرح پربھنی کے انتخابی انسپکٹر راہل مشرا نے کل ضلعے کے مختلف اسمبلی حلقوں کا معائنہ کیا اور کام کا جائزہ لیا۔

***** **** *****

ناندیڑ ضلعے میں اسمبلی انتخابات کے اخراجات پر قابو رکھنے کے لیے انسپکٹر کے طور پر اِنڈین ریوینو سروِس تمل ناڈو کیڈر کے افسر اے گووِندراج اور گجرات کیڈر کے افسر مَینک پانڈے کو مقرر کیا گیا ہے۔ گووِندراج ' نائیگاؤں' دیگلور' مکھیڑ اور لوہا حلقوں کے انچارج ہیں جبکہ پانڈے کِنوٹ 'حدگاؤں ' بھوکر' ناندیڑ شمال اور ناندیڑ جنوبی حلقوں کے انچارج ہیں۔

***** **** *****

بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان تین میچوں کی سیریز کا دوسرا مقابلہ آج پونے میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ اب سے تھوڑی دیر بعد ساڑھے نو بجے شروع ہوگا۔ بقیہ سیریز کے لیے ٹیم میں آل راؤنڈر واشنگٹن سُندر کو شامل کیا گیا ہے۔

***** **** *****

آ خر میں  خبر وں کی سر خیاں ایک مر تبہ پھر سُن لیجیے ...

☆ مہا وِکاس آ گھاڑی کی 255 /نشستوں پر اتفاقِ رائے ' بقیہ سیٹوں کی تقسیم پر آج سے بات چیت

☆ شیو سینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کی پہلی فہرست جاری ' وہیں راشٹر وادی کانگریس پارٹی کی جانب سے 38 /امیدواروں کا اعلان' اجیت پوار بارامتی سے انتخابی میدان میں

☆ ریاست بھر میں نامزدگی کے دن تک 153 /امیدواروں نے 164 / پرچے داخل کیے

☆ سابق رکن پارلیمان نِلیش رانے شیوسینا میں جبکہ سابق ریاستی وزیر لکشمن ڈھوبلے شرد پوار کی این سی پی میں شامل

اور

☆ ریاست میں سونا 80 / ہزار روپے تولہ جبکہ چاندی کی قیمت ایک لاکھ روپے کلو

علا قا ئی خبر یں ختم ہو ئیں

آ پ یہ خبر نا مہ ہما رے یو ٹیو ب چینل **AIR** چھتر پتی سنبھا جی نگر پر دو با رہ کسی بھی وقت سُن سکتے ہیں ۔

☆☆☆☆